TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

Question Paper Serial No. 302

# C

**CCE PF**
**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 59 ]
Total No. of Questions : 59 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**
**Code No. : 12-U**

## ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
## Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
**(Private Fresh & Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 28. 03. 2022] [ Date : 28. 03. 2022
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 01-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 01-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 59 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **10 x 1 = 10**

1. ''بچّے اسکول کی طرف چلے۔'' قواعد کے اعتبار سے اِس جملے میں فعل ہے۔

(A) چلے (B) بچّے

(C) کی طرف (D) اِسکول

2. ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں، کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ خبریہ (B) جملۂ فعلیہ

(C) جملۂ اسمیہ (D) جملۂ مفرد

3. مفرد جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

4. کلام میں متضاد الفاظ استعمال کئے جائیں، تو وہ صنعت کہلاتی ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تضاد

(C) صنعتِ تشبیہ (D) صنعتِ تکرار

5. رُباعی کا یہ مصرعہ قافیہ اور ردیف سے آزاد ہوتا ہے۔

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

6. غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے۔

(A) مقطع (B) مطلع

(C) تخلص (D) بیت الغزل

7. الفاظ کا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ مفرد (B) جملہ

(C) جملۂ فعلیہ (D) جملۂ مرکب

8. مرکب جملہ کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

9. وہ علم جس میں شعر کے اوزان معلوم ہوتے ہیں۔

(A) علمِ نحو (B) علمِ نجوم

(C) علمِ کیمیا (D) علمِ عروض

10. کلام میں کسی دو الگ چیزوں کو اُن کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے، تو اُسے کہتے ہیں۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تشبیہ

(C) صنعتِ تکرار (D) صنعتِ تضاد

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیئے : **5 x 1 = 5**

11. آقا : غلام :: آغاز : .........

12. جَلد : فوراً :: جِلد : .........

13. آگاہ کرنا : واقف کرنا :: ایک آنکھ سے دیکھنا : .........

14. مہمان : مہمانان :: مقام : .........

15. پابند نظم : مصرعوں میں ارکان یکساں ہوتے ہیں :: آزاد نظم : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **8 x 1 = 8**

16. خطبۂ حجۃالوداع کے بعد کس صحابیؓ نے اذان دی ؟

17. ادؔا جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟

18. نظم ''رشوت'' میں شاعر اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے ؟

19. حضرت اِمام حسینؓ کے قدموں سے کون لپٹا تھا ؟

20. مصنف نے اپنے سونے کے عمل کو چُھپانے کے لئے کونسے جھوٹ کا سہارا لیا ؟

21. دنیا کے نقشہ پر کھینچی گئی لکیریں کس بات کا اشارہ ہیں ؟

22. امیر خسرو کے پیرومُرشد کا نام کیا تھا ؟

23. اللہ تعالیٰ کی کس صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **15 x 2 = 30**

24. آپؐ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عَالَم تھا ؟

25. آخری عمر میں اماں نے کیا کِیا ؟

26. قاضی عبدالودود نے کملا نہرو کے اُردو سے شغف کے بارے میں کیا کہا ؟

27. ودیا چرن جی کون تھے ؟ اُن کا کارنامہ کیا تھا ؟

28. حضرت اِمام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟

29. حضرت اِمام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے ؟

30. نظم ''سرحدوں کا جال'' میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟

31. امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟ انہوں نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟

32. امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا ؟

33. اعجازؔ احسنی نے اپنی رُباعی میں سماج کی کس بُرائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟

34. ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہے تو کیا ہوگا ؟

35. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

36. حضورؐ کا نام آتے ہی شاعر کیسا محسوس کرتا ہے ؟

37. شادؔ عظیم آبادی نے اپنی رُباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

38. مفرد جملہ کسے کہتے ہیں ؟ اِس کی ایک مثال لکھئے۔

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **14 x 3 = 42**

39. امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کیوں کہا جاتا ہے ؟

40. اماں ملغوبہ کس طرح تیار کرواتی تھیں ؟

41. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

42. ''اِس کے کھانے سے کوئی بیماری پاس نہیں پھٹکتی۔''

43. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

44. ''مسٹر صبح میں نے آپ کو آواز دی تھی، آپ نے جواب نہ دیا۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

45. سید سلیمان ندوی

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

46. ماہؔر القادری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح لکھئے :

47. آغوش میں ساحل کے، کیا لطف سکوں اُس کو
یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے

48. یہ جنّت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

49. آتی نہیں ہے راس ہمیں منزلِ وفا
اِس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم

50. درجِ ذیل الفاظ کو اپنے جملے میں اِستعمال کیجئے :

(i) رہنما

(ii) خبر

(iii) جال

51. جملۂ خبریہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

52. صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تکرار یا تکریر کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**VI.** درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : **5 x 4 = 20**

53. اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل 'نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

54. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) جگنو (ii) رشوت

55. حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضورؐ نے حُسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟

56. جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔

یا

امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ تحریر کیجئے۔

.57 درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

ایک بادشاہ نے ایک شاہی محل بنوایا۔ جب وہ بن کر تیار ہو گیا تو اُس نے دوست واحباب کو دعوتِ عام دی۔ کھانا کھانے کے بعد بادشاہ نے تمام لوگوں سے کہا۔''اس محل کو دیکھو ! اِس میں کچھ عیب نظر آئے تو بتا دینا۔'' چنانچہ سب نے اِس محل کو دیکھا اور سبھوں نے خوب تعریف کی۔ کسی نے بھی اس میں عیب نہیں بتایا۔ اُن لوگوں میں ایک مردِ درویش بھی تھا۔ انہوں نے بادشاہ سے کہا کہ محل میں دو عیب ہیں۔ بادشاہ نے حیران ہو کر پوچھا کہ وہ کونسے عیب ہیں ؟ اِس نے بتایا پہلا یہ ہے کہ ایک دن یہ محل برباد ہو جائے گا دوسرا یہ کہ اس میں رہنے والا بھی ایک دن مر جائے گا۔

بادشاہ نے پوچھا کوئی ایسا محل بھی ہے جو برباد نہ ہو اور اس میں رہنے والا کبھی نہ مرے۔ مردِ درویش نے فرمایا ہاں ! وہ جنت ہے پھر اس کے سلسلے میں مردِ درویش نے جنت کی ترکیب اور جہنم کی تخویف ( ڈر ) میں ایک وعظ فرمایا کہ بادشاہ رونے لگا اور حکومت سے کنارہ کش ہو کر اللہ اللہ کرنے لگا۔ اس واقعہ سے یہ معلوم ہوا کہ یہ دنیا پائیدار نہیں ہے اور آخرت کی نعمتیں ابدی اور لازوال ہیں۔ اِنسان کو اِس دنیا میں دل نہیں لگانا چاہیئے۔

سوالات :

(i) مردِ درویش نے محل کے دو بڑے عیب کونسے بتائے ؟

(ii) اِس واقعہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

**VII.** **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** **1 x 5 = 5**

.58 اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے۔ جس میں اپنی سندِ تبادلہ ( T.C. ) طلب کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کو ایک خط لکھئے۔ جس میں اپنے امتحان کی تیاری کا ذکر کیا گیا ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : **1 x 5 = 5**

59. (i) کووِڈ– 19 کے حفاظتی تدابیر

یا

(ii) تعلیمِ نسواں کی اہمیت